# خیبر پختونخواہ ہائیڈروپاور اور قابل تجدید توانائی کا پروگرام

# Khyber Pakhtunkhwa Hydropower & Renewable Energy Development Program

## Pakhtunhwa Energy Development Organization

## خلاصہ۔ پالیسی برائے معاوضہ اور بحالیءمتاثرین

## Resettlement Policy Framework

### پروگرام کا تعارف

حکومت خیبر پختونخواہ سرکاری اور نجی شعبے کے توسط سے پن بجلی کے متعدد منصوبوں کی ترقی پر کام کر رہی ہے اور اس نے عالمی بینک سے ''خیبر پختونخواہ پن بجلی اور قابل تجدید توانائی کے پروگرام'' (پروگرام) کے لئے مالی اعانت فراہم کرنے کی درخواست کی ہے۔ ابتدائی طور پر اس پروگرام کے تحت تین منصوبہ جات کی شناخت کی گئی ہے۔ جن میں 1۔ گبرال کالام ہائیڈروپاور پروجیکٹ، 2۔ کل کوٹ، باریکوٹ اور 3۔ پیٹرک۔ شرنگل پن بجلی کے منصوبے شامل ہیں۔ اس پروگرام کے تحت دریائے سوات پر (پن بجلی اور شمسی) اور قابل تجدید توانائی کے منصوبوں پر کام کیا جائے گا جن میں سڑکیں، ٹرانسمیشن لائنز/ بجلی کی لائنیں، سٹاف کالونیاں، دفاتر اور ان منصوبوں کی وجہ سے متاثرہ افراد کی بحالی اور ماحولیات کے تحفظ کا انتظام بھی شامل ہے۔ اس رپورٹ میں خیبر پختونخواہ پن بجلی و قابل تجدید توانائی ترقیاتی پروگرام کے متاثرہ افراد کی بحالی کی پالیسی کو پیش کیا گیا ہے۔ اس پروگرام کو پختونخواہ انرجی ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن (پیڈو) کے ذریعے عملدرآمد کیا جائے گا۔

اس پالیسی کا مقصد پروگرام کے تحت منصوبوں کے لئے زمین کے حصول اور متاثرہ افراد کی بحالی کے لئے ایک پالیسی فراہم کرنا ہے جو کہ پیڈو اور اس پروگرام کی پروگرام مینجمنٹ آرگنائزیشن (پی ایم او) اور دیگر متعلقہ اداروں اور افراد کے لئے رہنما اصولوں اور طریقہ کار کا مجموعہ فراہم کرنا ہے جو زمین کے حصول اور متاثرہ افراد کو معاوضے کی ادائیگی اور بحالی سے متعلقہ ہے۔ اس پالیسی کو عالمی بینک کی پالیسی او پی 4.12 اور حکومت پاکستان/ خیبر پختونخواہ حکومت کے قوانین وضوابط میں طے شدہ تقاضوں کی تعمیل کے مطابق متاثرہ افراد کو معاوضہ دینے اور ان کی بحالی کے ایکشن پلان بنانے کے لئے راہنمائی کرنا ہے۔ اس پالیسی کو موجودہ متعلقہ دستاویزات، پروگرام کے علاقے کے معاشرتی پہلوؤں، پیڈو کے ساتھ مشورے اور متعلقہ ماہرین اور اداروں سے باضابطہ مشوروں کی روشنی میں بنایا گیا ہے۔

پروگرام کا مقصد پاکستان اور خیبر پختونخواہ کی بجلی کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کرنا ہے اور خیبر پختونخواہ میں ادارہ جاتی استعداد کار کو بڑھانا ہے۔ اس پروگرام کے چار اجزاء ہیں (1) قابل تجدید توانائی منصوبوں کی ترقی اور اس سے وابستہ سہولیات (2) ادارہ جات کی مضبوطی اور توانائی کے شعبے کی ترقی (3) ماحولیات اور متاثرہ افراد کی بحالی کا انتظام (4) منصوبے پر عمل درآمد کی معاونت اور تکنیکی مدد۔

### قانونی اور پالیسی کا ڈھانچہ

اس پروگرام کے تحت ممکنہ منصوبوں کے لئے زمین کے حصول اور اس سے متاثرہ افراد کی بحالی کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ ان منصوبوں کے منفی اثرات کو کم اور زائل کرنے کے لئے اس پروگرام کے تحت زمین کے حصول کا ایکٹ 1894، ٹیلی گراف ایکٹ 1885، واپڈا ایکٹ 1958 اور عالمی بینک کی پالیسی نمبر 4.12 کی ضروریات کو پورا کیا جانا ہے۔ عالمی بینک کی پالیسی کے مقابلے میں گورنمنٹ آف پاکستان اور گورنمنٹ آف خیبر پختونخواہ کے قوانین اور ضابطوں کے مابین کسی بھی تضاد کو دور کرنے کے لئے پالیسی میں مخصوص دفعات شامل کی گئیں۔ یہ پالیسی زمین کے حصول کا ایکٹ 1894، ٹیلی گراف ایکٹ 1885، واپڈا ایکٹ 1958 اور عالمی بینک کی پالیسی او پی 4.12 کے درمیان متاثرہ افراد کو معاوضے کی ادائیگی اور بحالی سے متعلق اور دیگر فرق کو پورا کرنے کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ پروگرام کے منصوبوں کی وجہ سے منفی اثرات کو زائل کرنے اور متاثرہ گھرانوں کو معاوضے کی ادائیگی

اور بحالی کو اس پالیسی کے ذریعے عمل میں لایا جائے گا اس پروگرام کے تحت منصوبوں کی وجہ سے چند گھرانوں کو اپنے گھر نئی جگہ منتقل کرنے کی ضرورت پیش آئے گی، اور زمین و دیگر اثاثے بھی متاثر ہوں گے، آمدنی کے ذرائع اور ذریعہ معاش پر بھی منفی اثرات مرتب ہوں گے۔

**منفی اثرات کو زائل کرنے کی منصوبہ بندی**

اس پروگرام کے تحت منصوبوں اور ان کی نوعیت کی وجہ سے مقامی گھرانوں کو معاشی طور پر متاثر ہونے اور بے گھر ہونے کا احتمال ہے۔ گبرال کالام ہائیڈرو پاور پروجیکٹ کے معاشرتی اثرات کے تفصیلی جائزہ سے انکشاف ہوا ہے کہ مجوزہ منصوبوں کی وجہ سے مقامی لوگوں کی زمین، فصلیں، پھل دار اور لکڑی کے درخت، رہائشی اور تجارتی عمارات اور سڑکیں متاثر ہوسکتی ہیں۔ اسکے علاوہ پانی کی فراہمی کی پائپ لائنیں قدرتی وسائل اور زرعی زمین تک رسائی، عوامی افادیت پر اثرات، اور مقامی آبادی بالواسطہ طور پر متاثر ہوسکتی ہے۔ گبرال کالام منصوبے کی وجہ سے متاثرہ افراد کی بحالی کے پلان کو ایک علیحدہ رپورٹ میں پیش کیا گیا ہے موجودہ صورتحال میں پروگرام کے تحت مزید منصوبوں کے عملدرآمد کے دوران ہونے والے نقصانات کے منفی اثرات کی شناخت ممکن نہیں لہذا اس پالیسی میں پیش کردہ اصولوں کے مطابق ہر منصوبے کے لئے ایک علیحدہ پلان تیار ہوگا جس پر عملدرآمد کے ذریعے ہر منصوبے کے منفی اثرات کو زائل کیا جائے گا۔

متاثرہ افراد کی بحالی کی منصوبہ بندی کے کلیدی اقدامات یہ ہیں: (i) منفی اثرات کی ابتدائی شناخت۔ (ii) مثبت اور منفی اثرات کی تشخیص؛ (iii) متاثرہ زمین اور اثاثوں کی تفصیل (iv) متاثرین کی اہلیت کا تعین کرنا (v) مشاورت اور نتائج کی تشہیر۔ (vi) متاثرہ افراد کو معاوضے اور بحالی ءامداد کی ادائیگی کا لائحہ عمل۔ (vii) لائحہ عمل کی تیاری کے بعد مشاورت اور حتمی عمل (viii) حتمی لائحہ عمل کی عوامی تشہیر (ix) اس پروگرام پر عمل درآمد میں شامل اداروں کا تجزیہ اور وضاحت (x) عمل درآمد کا جدول (شیڈول) (xi) متاثرہ افراد اور گھرانوں کی تفصیل، (xii) شکایت کے ازالے کا طریقہ کار، (xiii) زمین کے حصول کا آغاز اور (xiv) متاثرہ افراد کو معاوضے کی ادائیگی اور بحالی، (xv) ضرورت پڑنے پر نئی جگہ پر گھروں کی منتقلی کی منصوبہ بندی، (xvi) شکایات کا ازالہ، (xvii) زمین کا حصول، (xviii) ٹھیکیدار کو تعمیراتی کام کے لئے زمین کی فراہمی اور (xix) متاثرہ افراد کی بحالی کے بعد کے معاون اقدامات شامل ہیں۔

پیڈو نجی زمین کے حصول اور متاثرہ افراد پر اثرات اور ان کے ازالے سے متعلق تمام معلومات کی تشہیر کرے گی اور پیڈو کے ساتھ متعلقہ ادارے، ماہرین، مقامی جرگہ اور خواتین وحضرات متاثرین کی کمیٹیاں بھی شامل ہوں گی جس میں متعلقہ منصوبے کے ممکنہ سماجی اور ماحولیاتی اثرات کے بارے میں واقفیت، سماجی اثرات کی تشخیص کے نتائج، اثرات کو کم کرنے کے اقدامات، معنی خیز مشاورت، معاوضہ حاصل کرنے کی اہلیت اور حقوق، معاوضے کی وصولی کی حتمی تاریخ، شکایت کے ازالے کا طریقہ کار، معاوضے کی فراہمی کے لئے متعلقہ شعبے کے اخراجات، معاوضے کی ادائیگی اور بحالی ءامداد، بحالی کے پلان پر عملدرآمد اور اداراتی ذمہ داریاں، مدت، نگرانی، منظوری کے طریقہ کار اور عوامی تشہیر کا طریقہ کار شامل ہے۔

**متاثرین کی اہلیت کے لئے متعین حتمی تاریخ**

معاوضہ وصول کرنے کی اہلیت، معاوضہ کی وصولی اور بحالی ءامداد ہر منصوبے کے لئے مقرر کردہ حتمی تاریخ کے مطابق محدود ہوجائے گی اور یہ منصوبہ کے علاقے میں سروے کی تکمیل کی تاریخ ہوگی۔ اگر اراضی کے حصول کے ایکٹ کے تحت سیکشن 4 کا اعلان حکومت نے اس وقت سے کیا تھا جب سروے شروع ہو چکا ہو تب یہ حتمی تاریخ گردانی جائے گی۔

**معاوضہ، اہلیت اور حقداران**

اس پروگرام کے لئے متاثرین کو معاوضے کی ادائیگی اور بحالی کی پالیسی کو عالمی بینک کی OP 4.12 اور حکومت پاکستان/حکومت خیبر پختونخواہ کے قوانین کی بنیاد پر تیار کیا گیا ہے، جو کہ منصوبوں کی وجہ سے تمام متاثرہ گھرانوں کی بحالی، جو کہ منصوبے سے پہلے کی سطح کے مطابق ہو، کو یقینی بنائے گی جو منصوبوں کی وجہ سے زمینوں، فصلوں، لکڑی یا پھلوں کے درختوں، رہائشی یا کاروباری عمارات، آمدنی، زمین تک رسائی یا زندگی کے دیگر ذرائع سے محروم

ہونے والے نقصانات کا شکار ہوں گے۔تمام متاثرہ افراد معاوضہ وصول کرنے کے اہل ہوں گے۔معاوضہ وصول کرنے کی اہلیت اور بحالی کے لئے امداد ہر منصوبے کے لئے مختص حتمی تاریخ کے مطابق محدود ہوگی، جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے۔اس پالیسی میں معاشرتی ومعاشی حالتوں اور متاثرہ افراد کی روزی پر پڑنے والے منفی اثرات کو کم اور زائل کرنے کے لئے خاطر خواہ انتظامات کئے گئے ہیں۔

ٹیبل نمبر 1

| نقصان کی قسم | نقصانات کی تفصیل | حقداران کی تفصیل | معاوضے اور امداد برائے بحالی کے حقوق |
|---|---|---|---|
| زمین کا مستقل نقصان | زمین کے تمام نقصانات (قابل کاشت، تجارتی، رہائشی، بنجر) | روایتی حقوق کے تحت مالکان | ۔ٹیکس، رجسٹریشن فیس اور منتقلی کے اخراجات سے پاک نجی مکالمے کے ذریعے مروجہ مارکیٹ ریٹ کے مطابق قیمت پر روڈ کے 50 فٹ تک ساتھ والی زمین کا نقد معاوضہ تجارتی نرخوں پر۔<br>۔سڑک سے ہٹ کر ٹیکس رجسٹریشن فیس اور منتقلی کے اخراجات سے پاک مارکیٹ ریٹ پر نجی مکالمے کے ذریعے طے شدہ نقد معاوضہ |
| بجلی کے کھمبے کھڑے کرنے کے لئے زمین | کھمبوں کے نیچے زمین کے استعمال پر منفی اثرات | روایتی حقوق کے تحت مالکان | ۔نجی گفت وشنید کے ذریعے کھمبوں کے لئے حاصل کردہ زمین کا نقد معاوضہ۔<br>۔تمام متاثرہ فصلوں اور درختوں کا نقد معاوضہ۔ |
| | | لیز کے حامل افراد | ۔متاثرہ پلاٹوں کی مساوی قدر/ مساوی پیداواری صلاحیت کے دوسرے پلاٹوں میں لیز کی تجدید، یا باقی لیز کے سالوں کے لئے متاثرہ زمین کی مجموعی پیداوار/ کی مارکیٹ ویلیو یا آمدنی کے برابر نقد معاوضہ کی ادائیگی (زیادہ سے زیادہ تین سال تک کے لئے) |
| | | مزارع/ کاشت کار (رجسٹر یا غیر رجسٹر) | ۔کھڑی فصلوں کے نقصان کی صورت میں نقد معاوضہ ایک بار عارضی طور پر متاثرہ زمین کے لئے<br>اور دو بار مستقل متاثرہ زمین کے لئے |
| | | زرعی کارکن جن کا معاہدہ جو وقت سے پہلے ختم ہو جائے | ۔زرعی کارکن کو اس کے معاہدے کی بقیہ معیاد کے لئے تنخواہ کے برابر نقد رقم ہے۔ |
| | | سرکاری زمین پر کاشت کرنے والے یا تجاوز کنندگان | ۔بحالی کے لئے الاؤنس جو کہ مارکیٹ نرخوں کے مطابق ایک فصل کی پیداوار کے برابر، (یہ رقم خرابہ فصل کے معاوضے کے علاوہ ہے) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | رسائی محدود نہیں ہوئی اور بجلی کی لائن یا کھمبے کی تنصیب کی وجہ سے موجودہ زمین کا استعمال برقرار رہے | مالکان | ۔زمین کے لئے کوئی معاوضہ نہیں ادا کیا جائے گا بشرط کہ تعمیراتی کاموں کی تکمیل کے بعد اراضی کی بحالی اس کے سابقہ معیار کے مطابق ہو۔<br>۔کھڑی فصلوں کے خرابہ اور درختوں کی کٹائی کا معاوضہ، نقد رقم کی صورت میں۔ |
| | | لیز ہولڈر | ۔زمین کے لئے کوئی معاوضہ نہیں ادا کیا جائے گا بشرط کہ تعمیراتی کاموں کی تکمیل کے بعد اراضی کی بحالی اس کے سابقہ معیار کے مطابق ہو۔<br>۔کھڑی فصلوں کا خرابہ اور درختوں کی کٹائی کا معاوضہ، نقد رقم کی صورت میں۔ |
| | | کاشت کار/کرایہ دار (رجسٹرڈ یا غیر رجسٹرڈ)/تجاوز کنندہ /سرکاری زمین کاشت کرنے والے | ۔کھڑی فصلوں کا خرابہ اور درختوں کی کٹائی کا معاوضہ نقد رقم کی صورت میں |
| | | زرعی کارکن جن کا معاہدہ وقت سے پہلے ختم ہو جائے | ۔فصل کی بقیہ معیاد کے لئے تنخواہ کے مطابق نقد معاوضہ (اس میں اناج کی رقم بھی شامل ہوگی) |
| قابل کاشت حکومتی زمین کا نقصان | قابل کاشت سرکاری زمین | لیز ہولڈر/کرایہ دار (رجسٹرڈ اور غیر رجسٹرڈ) | ۔کھڑی فصلوں کے نقصان کی صورت میں نقد معاوضہ فصل کی مارکیٹ قیمت کے مطابق۔<br>۔متاثرہ زمین کی باقی لیز کے سالوں کی آمدنی کے برابر نقد معاوضہ کی ادائیگی۔<br>۔معاشی طور پر کمزور گھرانوں کو نقصان شدہ زمین کی قسم کے مطابق متبادل زمین ڈھونڈنے میں مدد کی جائے گی، جہاں تک ممکن ہو سکے۔ |
| | | مزارع/کاشت کار/کرایہ دار/تجاوز کنندہ/سرکاری زمین پر کاشت کاری کرنے والا | ۔اراضی کے نقصان کی ادائیگی نہیں ہوگی۔<br>۔بازاری نرخوں پر کھڑی فصل اور درختوں کے نقصان کی نقد ادائیگی (اگر متاثرہ مزارع کاشت کار/ تجاوز کنندہ/ سرکاری زمین پر کاشت کرنے والے کے درخت اگر کاشتکار کی ملکیت ہوں۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | ۔مستقبل کی فصلوں پیداوار کے نقصان کے لئے نقد ادائیگی (اگر متاثر ہوں)۔<br>۔کاشتکار کی صورت میں معاہدہ کے مطابق مخصوص حصہ کی فصل کے مطابق جزوی ادائیگی |
| زرعی زمین تک رسائی میں عارضی خلل | زمین تک رسائی میں خلل | روایتی حقوق کے تحت مالکان | ۔زمین کے نقصان کی ادائیگی نہیں ہوگی۔<br>۔کھڑی فصلوں اور درختوں کے نقصان کی صورت میں نقد معاوضہ فصل اور درختوں کی قیمت مارکیٹ کے مطابق۔<br>۔زمین تک رسائی کی پابندی کی وجہ سے مستقبل میں فصلوں کے نقصان کی مدت کے لئے مارکیٹ قیمت کے مطابق نقد ادائیگی ۔اگر فصلیں نہ اُگائی جاسکیں۔<br>۔کاشت کاری/کرائے داری معاہدے کی صورت میں (تحریری یا زبانی معاہدہ) مخصوص حصہ کی فصل کی/کرائے داری معاہدے پر مبنی جزوی ادائیگی۔ |
| | | کاشت کار/مزارع/کرایہ دار/تجاوز کنندہ/سرکاری زمین پر کاشت کاری کرنے والا | ۔اراضی کے نقصان کی ادائیگی نہیں ہوگی۔<br>۔ایک دفعہ کا الاؤنس مارکیٹ نرخوں کے مطابق ایک سال کی فصل کے برابر، کھڑی فصلوں اور درختوں کے نقصان کی صورت میں نقد معاوضہ فصل اور درختوں کی مارکیٹ قیمت کے مطابق۔ |
| زمین کی تقسیم کی وجہ سے منفی اثرات (مستقل یا عارضی) | محدود رسائی:<br>۔زرعی زمینوں کے زمیندار (مرد یا خواتین /کاشتکار/سرکاری زمین کے کاشتکار/تجاوز کنندہ)<br>۔عمارات<br>۔سماجی خدمات<br>۔مقامی آبادی کے آپس میں رابطے میں خلل۔ پینے کے پانی کی فراہمی کی لائنیں۔ | تمام استعمال کنندگان (سرکاری یا نجی زمین یا اثاثوں کے) | ۔تقسیم ہونے والے پلوں، راستوں اور سڑکوں کے رابطوں کی مکمل بحالی۔<br>۔زمین کے ٹکڑے ہو جانے کی صورت میں تقسیم ہو جانے والے پلاٹوں کو سیراب کرنے کے لئے پانی کے پائپوں اور نالوں کی بحالی۔<br>۔پانی کی فراہمی کی پائپ لائن کی بحالی یا متبادل نظام (زیادہ سے زیادہ تیس منٹ آنے اور جانے کے فاصلے پر)۔<br>۔مکمل طور پر ختم ہونے والی سڑکوں، راستوں اور پلوں کی مکمل بحالی یا متبادل جگہوں پر تعمیر۔<br>۔پلاٹ کی علیحدگی کے متاثرہ مالکان زمین کی طے شدہ لاگت کے 25 فیصد حصہ کے معاوضے کے اہل ہوں گے طے شدہ مارکیٹ ریٹ کے مطابق (متاثرہ تقسیم شدہ پلاٹ مالک کی ملکیت رہیں گے)۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | ۔آبپاشی کے نالے<br>۔رسمی اور غیر رسمی راستے<br>۔سڑکیں<br>۔پُل | | ۔نقصان کنندہ لیز ہولڈر یا کرائے داروں کو تحریری معاہدے کے مطابق باقی لیز کے سال/ کرائے نامے کی مدت کے مطابق متاثرہ زمین کے کرائے کے برابر نقد ادائیگی۔<br>۔تقسیم شدہ متاثرہ اراضی کے غیر مالک استعمال کنندگان (تجاوز کنندہ )/ سرکاری زمین کو استعمال کرنے والے کسی قسم کے معاوضے کے حق دار نہیں ہیں۔ |
| قابل کاشت زمین<br>یا<br>ناقابل کاشت<br>زمین پر عارضی<br>اثرات | تعمیراتی کاموں کے دوران عارضی طور پر زمین کی ضرورت میں | روایتی مالکان/ لیز ہولڈر | ۔زمین کے نقصان کی ادائیگی نہیں ہوگی۔<br>۔پراجیکٹ ڈائریکٹر کی منظوری کے ساتھ مالکان/ لیز ہولڈر اور ٹھیکیدار کے مابین مختصر مدت کے معاہدے کے ذریعے اراضی عارضی طور پر(لیز کے ذریعے) حاصل کی جائے گی،کرایہ کی شراط مالکان کی رضامندی کے مطابق بات چیت کے ذریعے طے ہوں گی۔<br>۔ٹھیکیدار زمین کی اصل حالت کے مطابق مکمل بحالی کرے گا یا ٹھیکیدار زمین کی بحالی کے اخراجات کی مکمل لاگت ادا کرے گا۔<br>۔ٹھیکیدار زمین کے کرائے کی مکمل ادائیگی کرے گا<br>۔ٹھیکیدار فصل کے خرابہ کی صورت میں بازاری نرخوں کے مطابق صرف ایک متاثرہ فصل کا معاوضہ ادا کیا جائے گا۔ |
| | | مزارع/ کاشتکار/ حصہ دار/تجاوز کنندہ/ سرکاری زمین کو کاشت کرنے والے<br>(رجسٹر یا غیر رجسٹر) | ۔زمین کے نقصان کی ادائیگی نہیں ہوگی۔<br>۔متاثرہ فصل یا درختوں کی بازاری نرخ کے مطابق ادائیگی۔(اگر متاثر ہوں)<br>۔آمدنی کے نقصان کی صورت میں زمین کی آمدنی کے مطابق معاوضے کی ادائیگی،معاہدے کے دورانیے تک ادائیگی۔<br>۔ٹھیکیدار زمین کے کرائے کی مکمل ادائیگی کرے گا<br>۔ٹھیکیدار فصل کے خرابہ کی صورت میں بازاری نرخوں کے مطابق صرف ایک متاثرہ فصل کا معاوضہ ادا کرے گا۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فصلوں کا نقصان | قابل کاشت زمین | روایتی مالکان | ۔محکمہ زراعت کے حساب کے مطابق اوسط پیداوار پر مبنی ایک فصل کے لئے مارکیٹ نرخوں کے مطابق معاوضہ |
| لکڑی کے درختوں کا نقصان | متاثرہ درخت | درختوں کے مالک/ کاشت کار | ۔محکمہ جنگلات کے حساب کے مطابق لکڑی کے درختوں کے مالک/ کاشتکار کو درختوں کی خشک لکڑی کے حجم کے مطابق مارکیٹ کے نرخوں کی بنیاد پر نقد معاوضہ۔<br>۔کاٹے ہوئے درخت کی لکڑی مالک کے پاس رہے گی اور معاوضے سے اس کی قیمت کی کٹوتی نہیں ہوگی۔ |
| پھل دار درختوں کا نقصان | متاثرہ پھل دار درخت | مالکان/ کاشتکار | ۔زرعی یونیورسٹی پشاور کے شعبہ باغبانی کی معلومات کی بنیاد پر سالانہ پیداوار کی مارکیٹ قیمت کے مطابق ادائیگی، پانچ سال تک کی پیداوار۔<br>۔درختوں کو پھلوں کی عمر تک دوبارہ اُگانے کے لئے سرمایہ کاری کی لاگت کی ادائیگی۔<br>۔کٹے ہوئے درختوں کی لکڑی مالک کے پاس رہے گی اور معاوضے سے اس کی قیمت کی کٹوتی نہیں ہوگی۔ |
| عمارات کا نقصان | ہر طرح کی عمارات (رہائشی یا تجارتی) | تعمیر شدہ عمارت کے مالک/ عمارت تعمیر کرنے والے افراد/ زمین پر تجاوز کنندہ/ سرکاری زمین پر عمارت بنانے والے/ مقامی آبادی کی مشترکہ عمارات کے منتظم (جو کہ سرکار یا مقامی آبادی کی طرف سے مقرر کیئے گئے ہوں) | ۔متاثرہ عمارات کی طرز پر متبادل عمارت اور اس کے اندر اور دیگر اثاثہ جات کی لاگت کا معاوضہ<br>(جدید ترین مارکیٹ ریٹ سسٹم کیمطابق جو کہ محکمہ تعمیرات و مواصلات کے طے شدہ ہیں) فرسودہ، ٹیکسوں، ملبے کی قیمت کی کٹوتی نہیں ہو گی۔ملبہ مالک کی ملکیت ہوگا۔<br>۔جزوی نقصان کی صورت میں بقایا عمارت کو مکمل طور پر بحال کرنے کے لئے نقد معاوضے کی ادائیگی۔<br>۔اگر عمارت کے 25 فیصد یا اس سے زیادہ حصے کے نقصان کی صورت میں پوری عمارت کا معاوضہ دیا جائیگا، ملبے کی مد میں کٹوتی نہیں ہوگی اور |
| | | | نہ ہی فرسودگی کی کٹوتی ہوگی، معاوضے کی ادائیگی کے ریٹس محکمہ تعمیرات و مواصلات کے طے شدہ جدید ریٹ کے مطابق ہوں گے۔<br>۔عمارت کے مالکان کو سامان کے نقل وحمل کے اخراجات کو پورا کرنے کے لئے اور ملبہ کی نقل وحرکت کے لئے منتقلی الاؤنس کی ادائیگی۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| کاروبار کی جگہ کا نقصان | چھوٹے کاروباری | متاثرہ کاروباری جو کہ غیر مالکانہ حقوق والی زمین یا سرکاری زمین پر کاروبار کرتے ہوں | ۔چھوٹے کاروباری افراد کو کاروبار کی منتقلی کے لئے چھ ماہ کی آمدن کی نقد ادائیگی،حکومت کی کم از کم ماہانہ اجرت کے حساب سے۔<br>۔ایسے تمام متاثرین کو کاروبار کے لئے متبادل جگہ، جو کہ نقصان شدہ جگہ کی خصوصیات کے مطابق ہو ،کاروبار کرنے کی اجازت ہوگی |
| مقامی آبادی کی مشترکہ عمارات کا نقصان | حکومتی یا مقامی آبادی کے اثاثہ جات/عمارات/سہولیات | حکومت یا مقامی آبادی | تمام متاثرہ اثاثوں/سہولیات کی مکمل بحالی یا متبادل جگہ پر اثاثوں/سہولیات کی تعمیر،ان کی انتظامیہ کی مشاورت سے۔ |
| آمدنی اور روزگار کے نقصان کی وجہ سے شدید منفی اثرات | زرعی اراضی یا پیداواری اثاثہ جات/آمدنی کے نقصان کی وجہ سے شدید اثرات | وہ تمام گھرانے جن کی 10 فیصد سے زیادہ خاندانی آمدنی یا پیداواری اثاثے کا نقصان ہوا ہو | ۔زرعی اراضی کی سالانہ پیداوار کی مارکیٹ نرخوں کے مطابق تین سال تک کی فصلوں کا معاوضہ نقد رقم کی صورت میں۔<br>۔سالانہ آمدنی کی تشخیص کی بنیاد پر ایک عبوری الاؤنس کی ادائیگی جو کہ ایک سال کی اوسط آمدنی کے برابر رقم ہو۔<br>۔اگر کسی کھمبے کی جگہ یا بجلی کی لائن کی تنصیب کی وجہ سے کسی کی فصل کا 10 فیصد سے زیادہ نقصان ہو تو یک سالہ پوری فصل کے نقصان کے معاوضہ کی ادائیگی زمینداروں کو مارکیٹ نرخوں کے مطابق۔ |
| | کھیت مزدوری کرنے والے افراد کے ذریعہ معاش کا نقصان | کل وقتی کھیت مزدور | متاثرہ مزدوروں کو ایک دفعہ الاؤنس دیا جائے گا جو کہ ایک سال کی کم سے کم ماہانہ سرکاری اجرت کے برابر ہوگا۔ |
| بے گھر ہونے کا الاؤنس | رہائش گاہ کا نقصان | بے گھر ہونے والے مالکان/کرایہ دار/مزارع | ۔مقامی نقل وحمل کے اوسط کرایہ پر مبنی سامان کی منتقلی کے اخراجات کے لئے الاؤنس کی ادائیگی۔<br>۔متبادل جگہوں پر رہنے کے لئے مقامی علاقے کے ایک سالہ اوسط کرائے کے مساوی نقد رقم کی فراہمی متاثرہ گھرانوں کو عبوری مدت کے لئے الاؤنس دیا |
| | | | جائے گا ، اگر متاثرہ گھرانہ اسی گاؤں/ علاقے میں منتقل ہو گا تو -/50,000 روپے کی ادائیگی اور دور کے علاقے میں منتقلی کرنے والے گھرانے کو -/100,000 روپے کی ادائیگی۔<br>۔اگر بجلی پانی اور دیگر تنصیبات کے اخراجات مالکان کے بجائے کرایہ داروں یا رہائشیوں نے ادا کئے ہوں تو ان کا معاوضہ، کرایہ داروں اور رہائشیوں کو ملے گا۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| معاش کا نقصان | معاشی طور پر کمزور گھرانوں کی بحالی | تمام معاشرتی طور پر کمزور گھرانے (غربت کی لکیر سے نیچے)<br>چھوٹے کسان/مزارع/ کل وقتی کھیت مزدور/ خواتین کی سرپرستی والے بے سہارا گھرانے/ معذور افراد کی سرپرستی والے بے سہارا گھرانے | ۔ہر گھرانے کے ایک بالغ فرد کو معاش کی ترقی اور بہتری اور تربیت کے لئے -/100,000 نقد رقم کی ادائیگی (اس رقم سے موجودہ یا نئی مہارت یا ہنر کو استعمال کرنے کے لئے یا چھوٹا کاروبار بڑھانے یا شروع کرنے کا موقع ملے گا)<br>۔ایسے تمام گھرانے معاش کی بحالی اور بہتری کے منصوبے سے فائدہ حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔<br>۔ایسے گھرانوں کہ مرد و خواتین کو دو لاکھ روپے تک قابل واپسی، گردشی سرمائے کی فراہمی جو کہ زرعی زمین پر کام کے علاوہ یا زرعی زمین پر معاشی سرگرمیاں کرنے کے لئے ہوگا۔ |
| | | | ۔ان گھرانوں کے افراد (مرد و خواتین) کو تعمیراتی کاموں کے دوران یا منصوبے کے چلنے کے مرحلے میں روزگار کے لئے ترجیح دی جائے گی۔ |
| کاروبار کا مکمل نقصان، کاروباری عمارت کے نقصان کی وجہ سے | | کاروبار کا مالک/ سرکاری زمین پر عمارت بنا کر کاروبار کرنے والے/ زمین پر مستقل جگہ پر کاروبار کرنے والے (رجسٹر یا غیر رجسٹر) | ۔ایک سال کی مدت کے لئے مالی امداد جو کہ ایک سال کی آمدن کے برابر ہوگی (سالانہ انکم ٹیکس کی رسید کی بنا پر یا سالانہ آمدنی کی جانچ پڑتال کے مطابق جو سروے کے دوران متعین کی گئی ہو)<br>۔ایک دفعہ یکمشت عبوری یک سالہ مدت کا الاؤنس جو کہ بارہ مہینوں کے مقامی علاقے کے اوسطاً کرائے کے برابر ہوگا۔<br>۔متاثرہ ملازمین کے لئے یکمشت امداد جو کہ 6 ماہ کی کم از کم حکومتی ماہانہ اجرت کے برابر ہوگی۔<br>۔تمام متاثرین کو فرنیچر اور باقی کاروباری اشیاء کو بحفاظت متبادل جگہ پر منتقل کرنے کا حق حاصل ہے۔<br>۔مقامی نقل و حمل کے اوسط کرایہ پر مبنی سامان کی منتقلی کے اخراجات کے لئے الاؤنس کی ادائیگی۔<br>۔ایسے تمام گھرانے معاش کی بحالی اور بہتری کے منصوبے سے فائدہ حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔<br>۔چھوٹے کاروباری متاثرہ افراد کو متبادل تجارتی جگہ پر کاروبار کرنے کا حق حاصل ہوگا جو کہ نقصان شدہ جگہ کی خصوصیات کے مطابق ہو۔<br>۔تمام متاثرین کو متعلقہ منصوبے کی نئی سیرگاہوں میں کاروبار کرنے کے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | لئے ترجیح دی جائے گی۔<br>۔تمام متاثرین کو کاروباری جگہ خالی کرنے کے لئے پہلا نوٹس 6 ماہ ایڈوانس میں دیا جائے گا مگر چھوٹے کاروباری افراد کو 3 ماہ پہلے کا نوٹس دیا جائے گا۔ |
| کاروبار کا عارضی طور پر بند ہو جانا یا عارضی خلل کی وجہ سے کاروبار یا روزگار کا متاثر ہونا | تعمیراتی کام کی وجہ سے عارضی کاروباری نقصان | رسمی کاروبار چلانے والے/مستقل جگہ پر کاروبار کرنے والے مثلاً چھابڑی فروش (رجسٹر یا غیر رجسٹر/سرکاری جگہ پر کاروبار کرنے والے | ۔یکمشت مالی امداد کاروباری نقصان کی مدت کے لئے (زیادہ سے زیادہ 6 ماہ تک کا معاوضہ) اس کی بنیاد سالانہ انکم ٹیکس کی رسید ہوگی یا کم از کم حکومتی ماہانہ اجرت کے مطابق ادائیگی ہوگی<br>۔متاثرہ ملازمین کو یکمشت 3 ماہ کی کم از کم حکومتی ماہانہ اجرت کے مطابق معاوضہ دیا جائے گا۔<br>۔تمام متاثرین کو کاروباری جگہ خالی کرنے کے لئے پہلا نوٹس 6 ماہ ایڈوانس میں دیا جائے گا مگر چھوٹے کاروباری افراد کو 3 ماہ پہلے کا نوٹس دیا جائے گا تا کہ وہ اپنے |
| | | | کاروبار متاثرہ جگہ سے بند یا منتقل کر سکیں۔اور ان کو تعمیراتی کام شروع ہونے کی تاریخ دورانیہ اور کام کی نوعیت سے آگاہ کیا جائے گا جس کی وجہ سے آمدنی کا نقصان ہوا ہے۔<br>۔مقامی نقل و حمل کے اوسط کرایہ پر مبنی سامان کی منتقلی کے اخراجات کے لئے ایک دفعہ الاؤنس کی ادائیگی۔<br>۔تمام متاثرہ کاروباری افراد اور انکے گھرانوں کے افراد کو تعمیراتی کاموں کے دوران منصوبے کے شروع ہونے پر روزگار کے لئے ترجیح دی جائے گی۔ |
| عوامی خدمات اور سہولیات/ مقامی آبادی کے اثاثوں کا نقصان | سکول/صحت کے مراکز ،سماجی خدمات کی عمارات،قبرستان،مسجد، پل،سڑکوں وغیرہ کا نقصان | خدمات مہیا کرنے والے ادارے | ۔تمام متاثرہ خدمات اور اثاثوں کی موجودہ جگہ یا متبادل جگہ پر مکمل بحالی یا تعمیر نو،جس میں نئی جگہ پر زمین کا بندوبست شامل ہے۔ |
| منصوبے کے فوائد | تمام متاثرہ اور مقامی افراد | | ۔تمام متاثرہ اور مقامی گھرانوں کو سماجی ترقیاتی منصوبے (سوشل ڈیلپمنٹ پلان) کے تحت خدمات سے فائدہ اٹھانے کا حق حاصل ہے |
| غیر متوقع نقصانات | | | ۔پیڈو منصوبے کے عملدرآمد کے دوران کسی بھی طرح کے غیر متوقع منفی اثرات یا نقصانات سے نمٹنے کے لئے مکمل انتظام کرے گی جو کہ اس پروگرام کی پالیسی اور عالمی بینک کی پالیسی 4.12 کے مطابق ہوگا۔ |

معاش کی بحالی اور بہتری کا منصوبہ(Livelihood Restoration Plan) اور سماجی ترقی کا پلان ( Social Development Plan) پرعمل درآمد منصوبوں کے منفی اثرات کوکم کرنے کے لئے کیا جائے گا اور یہ مقامی آبادی بالخصوص متاثرہ افراد کی ترقی کوفروغ دینے کے لئے ہے۔

**پروگرام کے علاقہ جات کا سماجی ومعاشی خاکہ**

پروگرام کے علاقے میں اپر دیر اور سوات کے اضلاع شامل ہیں جو پاکستان میں صوبہ خیبر پختونخوا کے مالاکنڈ ڈویژن کا حصہ ہیں۔ پروگرام کے علاقے کی سرزمین زیادہ تر اونچے پہاڑوں پر مشتمل ہے، جو ہندوکش کے پہاڑی سلسلے کے دامن میں واقع ہے۔ سوات کے لوگ بنیادی طور پر پختون (زیادہ تر یوسف زئی قبیلے کے)، کوہستانی (ڈارڈ یک نسل کے) اور گجر ہیں۔ زیادہ تر پشتو زبان بولی جاتی ہے اس کے علاوہ کوہستانی بھی بولی جاتی ہے۔ 2017 کی مردم شماری کی رپورٹ کے مطابق، بالائی دیر ضلع کی آبادی 946،421 ہے اور گھروں کی تعداد 120، 228 ہے۔ آبادی کا تقریباً 95 فیصد حصہ دیہی علاقوں میں رہتا ہے۔ ضلع سوات کی آبادی 2،309،570 ہے اور یہ پشاور اور مردان کے بعد خیبر پختونخواہ کا تیسرا بڑا ضلع ہے۔ زراعت، تجارت اور بیرون ملک کام کرنا لوگوں کے لئے آمدنی کا بنیادی ذریعہ ہے۔ آبادی کا ایک بہت ہی کم حصہ سرکاری محکموں میں ملازمت کرتا ہے۔ خواتین اپنے گھریلو کاموں کے علاوہ زراعت کے شعبے میں بھی مردوں کے ساتھ کام کرتی ہیں۔ پروگرام کے علاقے کے دونوں اضلاع میں غربت کا راج ہے، تاہم، اپر دیر کا شمار خیبر پختونخواہ کے ایک غریب ترین اضلاع میں ہوتا ہے۔

**مشاورت، شرکت اور معلومات کی تشہیر**

عالمی بینک کی پالیسی کے مطابق متاثرہ افراد اور متعلقہ اداروں اور دیگر افراد کو قابل رسائی جگہوں اور قابل فہم زبان میں متعلقہ منصوبے کی معلومات کی فراہمی ضروری ہے۔ مقامی آبادی اور بالخصوص متاثرہ افراد کو ہر منصوبے کے ہر مرحلے میں مشاورت میں شامل کرنا ہوگا جو کہ اس پروگرام کی اختتامی مدت تک جاری رہنا چاہئے۔ پیڈو پورے منصوبے کے دوران براہ راست متاثرہ افراد اور دیگر متعلقہ اداروں اور افراد کے ساتھ بامقصد مشاورت کا انتظام کرنے کی ذمہ دار ہوگی جس میں ممکنہ طور پر متاثرہ افراد، متعلقہ ضلعی اور تحصیلی حکومت کی انتظامیہ اور متعلقہ محکمے، تعلیمی اداروں کے ماہرین، غیرسرکاری اور غیر منافع بخش تنظیموں کے رہنماؤں، عوامی نمائندوں، جرگہ کے رہنماؤں متاثرہ افراد کی مردو خواتین کی کمیٹیوں اور معاشی طور پر کمزور متاثرہ گھرانے شامل ہیں۔ ان تمام اداروں اور افراد کے ساتھ ان کے اپنے علاقوں میں تین شناخت کردہ منصوبوں کے متعلق مشاورت کی گئی ہے اور اسی طرز کی مشاورت باقی منصوبوں کے ہر مرحلے پر کی جائے گی۔ ان مشاورتی ملاقاتوں کے ذریعے شرکاء کی طرف سے اٹھائے جانے والے اہم سوالات اور دیگر امور کا حل تلاش کیا گیا ہے جیسا کہ منصوبوں کے لئے نجی زمین کی ضرورت کو کم سے کم کرنا، تعمیر سے قبل متاثرہ زمین اور دیگر اثاثوں کا مناسب معاوضہ ادا کرنا، معاشرتی ترقی کے انفراسٹرکچر/ بنیادی سہولیات کی عمارات کی فراہمی اور متاثرہ آبادی کو روزگار کے مواقع کی فراہمی وغیرہ شامل ہے۔

**ادارہ جاتی انتظام کاری اور پروگرام پرعمل درآمد کا بندوبست**

پروگرام کے رہنما اصولوں کے مطابق اور مربوط طریقے سے پروگرام پر عمل درآمد کے لئے حکومتی سطح پر ایک پروگرام اسٹیئرنگ کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔ جس کے ممبران میں محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ، محکمہ توانائی وبجلی، پیڈو اور دیگر متعلقہ محکموں کے سینئر افسران شامل ہوں گے۔ پیڈو پروگرام پر عمل درآمد، پروگرام کے تحت منصوبوں کے ڈیزائن، نجی وسرکاری اراضی کے حصول، متاثرہ افراد کو معاوضے کی اور امداد برائے بحالی کی ادائیگی، ماحولیات کا تحفظ، تعمیراتی کاموں، پروگرام کی نگرانی اور منصوبوں پر عمل درآمد کی مجموعی طور پر ذمہ دار ہوگی۔ پیڈو اس پروگرام اور اسکے ماتحت منصوبوں کو پروگرام مینجمنٹ آرگنائزیشن (پی ایم او) کے ذریعہ عملدرآمد کرے گی جو پروگرام سے متعلق تمام سرگرمیوں کی منصوبہ بندی اور ان پر عملدرآمد کی ذمہ دار ہوگی، بشمول سماجی اور ماحولیاتی حفاظتی انتظامات۔ پی ایم او ایک انوائرمنٹ اینڈ سوشل یونٹ قائم کرے گا جس میں ایک (1) ڈائریکٹر سوشل/سماجی ترقی، ایک (1) ڈائریکٹر ماحولیات، دو (2) سماجی ترقی کے ڈپٹی ڈائریکٹر اور دو ماحولیات کے ڈپٹی ڈائریکٹر شامل ہیں۔ یہ یونٹ ضلع اور تحصیل کی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ اداروں اور افراد، متاثرہ افراد کی مردو خواتین کی کمیٹیاں سماجی اور ماحولیاتی تحفظات کے اداروں اور تھرڈ پارٹی مانیٹرنگ ایجنسی (غیر

جانب دار نگرانی کا ادارہ/ ماہر افراد کے ساتھ مل کر منصوبوں کے منفی سماجی اور ماحولیاتی اثرات کو کم اور زائل کرنے کی انتظام کاری کے لئے کام کرے گا۔

**شکایت کے ازالے کا طریقہ کار**

پراجیکٹ کی سطح پر ماحولیاتی اور سماجی کارکردگی کے بارے میں متاثرہ افراد و اداروں اور دیگر فریقوں کے خدشات اور شکایات کے حل کے حصول اور ان کی جانچ پڑتال کے لئے شکایات کے ازالے کا طریقہ کار قائم کیا جائے گا۔ پیڈو اس طریقہ کار کے توسط سے متاثرہ افراد کی طرف سے کسی بھی عدم اطمینان اور شکایات کو دور کرنے کے لئے شکایات کے ازالے کے طریقہ کار کی پیروی کرے گی تا کہ متاثرہ افراد دیگر ادارہ جات اور افراد (اسٹیک ہولڈر) کو شکایات کا وقتی، جلد، شفاف اور منصفانہ حل پیش کیا جا سکے۔ اس کے علاوہ متعلقہ مقامی آبادیوں اور افراد جو یہ یقین رکھتے ہوں کہ وہ عالمی بینک کے تعاون سے چلنے والے اس پروگرام کے تحت کسی بھی منصوبے سے بری طرح متاثر ہوئے ہیں، وہ شکایات کے ازالے کے پروجیکٹ کی سطح پر طے شدہ طریقہ کار یا عالمی بینک کی شکایات کے ازالے کے طریقہ کار کے مطابق اپنی شکایات کو درج اور ان کا حل حاصل کر سکتے ہیں۔

**لاگت اور مالی اعانت**

پروگرام کے تحت سماجی اور ماحولیاتی اثرات کو زائل کرنے کے لئے معاوضے اور مالی امداد اور اس سے متعلقہ انتظامی امور کی لاگت سمیت پلان کی تیاری اور ان پر عمل درآمد کی لاگت، پروگرام اور متعلقہ منصوبوں کے تخمینہ کا مجموعی حصہ ہے۔ پیڈو منصوبے سے متعلقہ مالی اعانت کے حصول کے لئے ذمہ دار ہوگی۔ بجٹ میں معاشی طور پر کمزور اور شدید متاثرہ افراد اور خاص طور پر ان کی بحالی اور انکے روزگار کی بحالی کے لئے اضافی مالی معاونت بھی شامل کی گئی ہے۔ منصوبوں کے تعمیراتی کام کے آغاز سے قبل معاوضے اور بحالی کی امداد کی ادائیگی مکمل کی جائے گی۔ متاثرہ افراد کی بحالی کے ہر منصوبہ کے پلان میں معاوضہ اور بحالی کے لئے امداد کے طریقہ کار شامل ہوں گے۔ بحالی اور مقامی علاقہ کے ترقیاتی سرگرمیوں سمیت پلان کی تیاری اور ان پر عمل درآمد کی اندازاً لاگت کا تخمینے کے مطابق، مجموعی طور پر پروگرام کے لئے 50 ملین امریکی ڈالر مختص کر دیے گئے ہیں۔ ہر منصوبے کے لئے ماحولیات تحفظ کی دستاویز / رپورٹ (انوائرنمنٹ اینڈ سوشل امپیکٹ اسیسمنٹ اور انوائرنمنٹ اور سوشل منیجمنٹ پلان (ماحولیاتی اور سماجی انتظامات کا پلان) کی تیاری کے لئے ماہرین (کنسلٹنٹس) کی خدمات کے لئے تخمینہ لاگت -/500,000 امریکی ڈالر ہے۔ متعلقہ منصوبوں کے انوائرنمنٹ اینڈ سوشل منیجمنٹ پلان (ESMPs) اور ریسیٹلمنٹ ایکشن پلان/ متاثرین کی بحالی (RAPs) کی لاگت کا مفصل تخمینہ ہر منصوبے کے ماحولیاتی اور سماجی اثرات کو زائل کرنے کے حجم کے مطابق لگایا جائے گا۔

**نگرانی اور جانچ پڑتال**

پروگرام اور منصوبے کے عملدرآمد میں تیزی لانے کے مختلف مراحل میں پیش آنے والی رکاوٹوں کی بروقت شناخت، تجزیہ اور ان کے خاتمے کے لئے نگرانی اور جانچ پڑتال کا طریقہ کار طے کیا جائے گا جس میں پالیسی کے اصولوں، اہداف، بجٹ اور دوبارہ بحالی کے پلان کی روشنی میں عمل درآمد کا جائزہ لیا جائے گا۔ PMO سوشل (سماجی ترقی) ماحولیاتی اور آئی ٹی سٹاف کی مدد سے ایک مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (MIS) قائم کرے گا۔ جس کی مدد سے سماجی و معاشی سروے، اراضی کے حصول، متاثرہ افراد کی بحالی اور معاوضوں کی ادائیگی اور متعلقہ اداروں کی جمع کردہ معلومات کی مدد سے ایک عدد ڈیٹا بیس بنائے گی جو کہ بعد میں MIS کا لازمی حصہ بن جائیں گے۔ اس مقصد کیلئے PMO کسی قابل اور تجربہ کار کنسلٹنٹس ماہرین کی خدمات حاصل کرے گی تا کہ متاثرہ افراد کی بحالی کے پلان پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس پلان پر عمل درآمد کے لئے عالمی بینک کے مشورے اور غیر جانبدار نگرانی کے ادارے کو منصوبے کی نگرانی کیلئے چنا جائے گا۔ تا کہ وہ اس پراگرام اور اس سے متعلقہ منصوبوں کی نگرانی اور معلومات کی تصدیق کے لئے متاثرہ افراد کی بحالی کے پلان کے عمل درآمد کے بارے میں مکمل جانچ پڑتال کی رپورٹ دے۔